نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیرِ صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اہم اجلاس

حکومت پنجاب نے سیلاب کے نقصانات کے تخمینے کیلئے 2200 کمیٹیاں تشکیل دے دی ہیں۔سید عاشق حسین کرمانی

لاہور:24 ستمبر 2025: وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت زراعت ہاؤس لاہور میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں سیلابی صورتحال اور وزیر اعلیٰ پنجاب کے زرعی ترقی کے لیے جاری پروگراموں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو،سپیشل سیکرٹری زراعت آغا نبیل اختر،ایڈیشنل سیکرٹری زراعت پلاننگ عامر شہزاد کنگ ،ڈائریکٹر جنرلز زراعت نوید عصمت کاہلوں، چوہدری عبدالحمید، رانا تجمل حسین سمیت دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔

اجلاس کے دوران وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے زرعی اقدامات سے متعلق منصوبوں پر پیش رفت تسلی بخش ہے۔انھوں نے کہا کہ پنجاب میں دوملین ایکڑ سے زائد زرعی رقبہ سیلاب سے متاثر ہوا ہے جبکہ چار ہزار سے زائد مواضعات کونقصان پہنچاہے۔انھوں نے مزید کہا کہ حکومت پنجاب نے نقصانات کے تخمینے کے لیے 2200 کمیٹیاں تشکیل دی ہیں اور یہ رپورٹ تین سے چار ہفتوں میں مکمل کر لی جائے گی۔سید عاشق حسین کرمانی نے بتایا کہ ہائی ٹیک فارم میکنائزیشن کے لیے بہت جلد درخواستیں طلب کی جارہی ہیں جبکہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی جانب سے سیلاب سے متاثرہ زراعت ولائیواسٹاک کے کسانوں کے لیے خصوصی پیکج فراہم کیا جارہا ہے۔

اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ نوجوان زرعی گریجویٹس نے فیلڈ میں عملی سرگرمیوں کا آغاز کر دیا ہے اور نو منتخب انٹرنیز کی سرگرمیوں کو باقاعدہ مانیٹر کیا جارہا ہے۔انھوں نے ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ فیلڈ فارمیشنز کاشتکاروں کی رہنمائی کے سلسلہ میں جاری فیلڈ سرگرمیوں میں مزید تیزی لائیں۔

☆☆☆☆